Te Kāwanatanga o Aotearoa
New Zealand Government

# Pae ora | نیوزی لینڈر کے تمام باشندوں کے لیے صحت مند مستقبل

## صحت سے متعلق حکومی پالیسی بیان: 2022 تا 2024

Engā mātāwaka huri noa, tēnā koutou katoa

ہمارے صحت کے شعبے کی بنیادیں مضبوط ہیں: ایک انتہائی ہنر مند اور جذبے سے سرشار افرادی قوت، مشغول اور پرجوش کمیونٹیاں، اور ضرورت پڑنے پر مقاصد کے حصول کے لیے مل کر کام کرنے کی صلاحیت۔ لیکن ہم جانتے ہیں کہ بہتری لانے کے مواقع موجود ہیں اور ہمیں مستقبل میں صحت کا ایسا نظام بنانے کی ضرورت ہے جو ہم سب کے لیے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کر سکے۔

ایک بہت لمبے عرصے سے، صحت کے مختلف شعبوں میں، مخصوص گروہوں کو کم معیاری خدمات مل رہی ہیں اور ان پر دھیان نہیں دیا گیا: ماؤری، پیسفک کے لوگ، معذور افراد، اور وہ لوگ جو اپنی صحت کی حالت، ثقافت، نسل، جنس، جنسی رجحان، رہائش، آمدنی اور دیگرعوامل کی بنیاد پر عدم مساوات کا تجربہ کرتے ہیں۔

صحت کا ایک نیا نظام ان دیرینہ مسائل کو حل کرنے اور ایک ایسا نظام بنانے کا موقع فراہم کرتا ہے جو Te Tiriti سے ہم آہنگ، مساوی اور مربوط ہو اور جس میں whānau نقطۂ ارتکاز ہو۔ ایسا کرنے سے یہ نظام پائیدار، لچکدار، اور سستا ہوگا اور اس بات کو یقینی بنایا جا سکے گا کہ یہ نظام آنے والی نسلوں کے لیے موجود ہو اور مستقبل کے چیلنجوں سے نمٹنے کے قابل ہو۔

ہمارا خواب سیدھا سادہ ہے: کہ نیوزی لینڈ کے تمام باشندوں کو pae ora (صحت مند مستقبل) مہیا ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ لوگ اور whānau ایک صحت مند طویل زندگی گزاریں، ان کی صحت اور معیار زندگی میں بہتری آئے، وہ صحت مند، جامع اور لچکدار کمیونٹیوں کا حصہ ہوں اور وہ ایسے ماحولوں میں رہیں جو ان کی صحت کو برقرار رکھنے والے ہوں۔

حکومی پالیسی بیان میں صحت کے نظام سے متعلق حکومت کی توقعات کا خاکہ پیش کیا گیا ہے جس میں صحت اور تندرستی کے تحفظ، فروغ اور بہتری، مساوات کے حصول اور صحت مند مستقبل کی فراہمی کے لیے خدمات، اقدامات اور شراکت داریاں قائم کی جائیں گی۔

ہم راتوں رات یہ تبدیلی حاصل نہیں کر سکیں گے: اس کے لیے وقت اور سرمایہ کاری کی ضرورت ہوگی اور ہمارے صحت کے شعبے میں تمام اداروں اور لوگوں کو اکٹھا ہونا ہوگا۔ حکومی پالیسی کا یہ عبوری بیان اصلاح شدہ نظام کے پہلے دو سالوں کے لیے حکومت کی ترجیحات اور توقعات کا تعین کرکے اس سفر کا آغاز کرتا ہے۔

Nō reira, tēnā koutou katoa

Andrew Little

**Andrew Little، وزیر صحت**

**حکومی پالیسی کا عبوری بیان صحت کے نئے نظام کی رہنمائی کرتا ہے** اور Aotearoa نیوزی لینڈ میں عوامی امداد سے چلنے والے صحت کے نظام کے لیے ترجیحات، مقاصد اور توقعات کا تعین کرتا ہے۔

یہ اس بات کا خاکہ پیش کرتا ہے کہ حکومت صحت کے نظام کے اندر کیا فراہم کرنے اور حاصل کرنے کی توقع رکھتی ہے، نیز کامیابی کی پیمائش، نگرانی اور اطلاع کیسے دی جائے گی۔

حکومی پالیسی کا عبوری بیان دو سالوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے—جولائی 2022 سے جون 2024—اور طویل مدتی سمت اور متوقع نتائج کی بنیادیں فراہم کرتا ہے جن کی فراہمی میں مزید وقت لگے گا۔

یہ نیوزی لینڈ ہیلتھ پلان کے لیے توقعات کا تعین بھی کرتا ہے، جو اس بات کا خاکہ پیش کرتا ہے کہ کس طرح صحت کے مختلف ادارے حکومت کی ترجیحات اور صحت کی خدمات کو تمام نیوزی لینڈ کے باشندوں تک پہنچائیں گے۔

**مکمل عبوری حکومی پالیسی بیان کی دستاویز وزارت صحت کی ویب سائٹ پر مل سکتی ہے۔**

# کلیدی ترجیحات

**حکومی پالیسی بیان میں صحت کے نظام اور خدمات کی فراہمی کے طریقہ کار کی رہنمائی کے لیے چھ ترجیحی شعبے ہیں۔**

## Te Tiriti o Waitangi کو صحت کے تمام نظام میں شامل کرنا

ماؤری افراد ایسے طریقوں سے اپنی صحت اور تندرستی پر اپنا اختیار استعمال کرنے اور صحت کے منصفانہ نتائج حاصل کرنے کے قابل ہیں جو ماؤری افراد کو ماؤری کی طرح جینے، پھلنے اور پھولنے کے قابل بناتے ہیں۔ اصلاح شدہ نظام میں یہ صورتحال اس طرح نظر آسکتی ہے:

- مضبوط ماؤری قیادت اور فیصلہ سازی
- kaupapa Māori اور whānau کے لیے مخصوص خدمات تک رسائی میں اضافہ

## مستقبل کے صحت کے نظام کی کامیابی کی بنیادیں رکھنا

ایک نئی ثقافت اور اخلاقیات تشکیل دی جائے کی، جس کی بنیاد Te Tiriti پر رکھی گئی ہو، تاکہ لوگوں اور whānau کے بچاؤ، ان کے تحفظ اور فلاح و بہبود پر توجہ مرکوز کی جائے۔ اصلاح شدہ نظام میں یہ صورتحال اس طرح نظر آسکتی ہے:

- مل جل کر اور کمیونٹیوں اور دیگر تنظیموں کے ساتھ شراکت میں کام کرنا
- صارفین، whānau اور کمیونٹی کی رائے نظام میں نظر آتی ہو - جس سے رسائی، دیکھ بھال کے معیار اور نتائج میں مساوات کی طرف پیش رفت بہتر ہوتی ہو

## لوگوں کو ان کی کمیونٹیوں میں تندرست رکھنا

کمیونٹی کی سطح پر روک تھام، مدد اور علاج کی خدمات کو ترجیح دی جائے، یہ خدمات whānau کے لیے مخصوص، ثقافتی اعتبار سے محفوظ اور لوگوں کی زندگیوں سے مطابقت رکھتی ہوں - اور لوگوں کی رہائش، کام اور ان کے کھیلنے کے مقامات کے قریب دستیاب ہوں۔ اصلاح شدہ نظام میں یہ صورتحال اس طرح نظر آسکتی ہے:

- صحت کی تمام خدمات میں بہتر خدمات کی فراہمی، بشمول ردعمل، ڈیجیٹل خدمات، اور ہسپتال کے نیٹ ورکس، اور اس کے ساتھ ساتھ صحت کی دیکھ بھال میں غیر منصفانہ تغیرات کی نشاندہی اور ان کا ازالہ
- صحت کی خدمات میں خلل نہ پڑے، اور لوگ دیکھ بھال تک رسائی کو محفوظ محسوس کریں۔

## صحت کے نتائج میں مساوات کا حصول

مختلف ضروریات اور فوائد کی سطح کے حامل افراد صحت کے مساوی نتائج حاصل کرنے کے لیے مختلف طریقوں اور وسائل تک رسائی رکھتے ہوں۔ اصلاح شدہ نظام میں یہ صورتحال اس طرح نظر آسکتی ہے:

- صحت اور تندرستی میں مساوات کے حصول کے لیے کام کرنا
- کم خدمات حاصل کرنے والی کمیونٹیز کے حقوق اور ذمہ داریوں کو تسلیم کرنا

## مستقبل کی صحت کی خدمات کے لیے افرادی قوت تیار کرنا

ایک ایسی لچکدار، متنوع، اور پائیدار افرادی قوت کو بڑھانا اور تیار کرنا جو لوگوں اور whānau کی ضروریات پر پورا اتر سکے اور ان کمیونٹیوں کی نمائندہ ہو جن کی وہ خدمت کرتی ہے۔ اصلاح شدہ نظام میں یہ صورتحال اس طرح نظر آسکتی ہے:

- ثقافتی طور پر محفوظ خدمات جو te ao Maori کی بنیاد پر بنائی گئی ہوں۔
- صحت کی افرادی قوت پر اثرات کو کم سے کم کیا جائے، اور عملے کی مدد کی جائے

## ایک مالی طور پر پائیدار صحت کے نظام کو یقینی بنانا

وسائل کا نظم و نسق اس طریقے سے کیا جائے جو دستیاب وسائل اور فنڈنگ کے اندر، ابھی اور مستقبل میں آبادی کی صحت اور مساوات کے حوالے سے بہترین ممکنہ معیار حاصل کرتا ہو۔ اصلاح شدہ نظام میں یہ صورتحال اس طرح نظر آسکتی ہے:

- تبدیلی اس طریقے سے لائی جائے کہ دیکھ بھال کے تسلسل میں خطرے کو کم کیا جائے
- موجودہ ترجیحات اور پروگرام برقرار ہیں۔